


**دُعائے عطّار۔۔۔۔۔۔دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیہ**

نیک اعمال پر کرتی ہے جو کوئی عمل

مغفرت کر بے حساب اس کی خدائے لَمْ یَزَل

(جنت کے طلبگاروں کے لیے مدنی گلدستہ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خاتم النبین

اَمَّابَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# نیک اعمال سے متعلق اُلجھنیں اور اِن کا حل مع نیک اعمال سے متعلق شرعی و تنظیمی احتیاطیں

## یومیہ 47 نیک اعمال سے متعلق

(بلو کلر سے جن الجھنوں کو واضح کیا گیا ہے یہ سابقہ نیک اعمال کی الجھنوں اور ان کے حل کے پیپر میں سے جنھیں برقرار رکھنا تھا انہیں شامل کیا گیا ہے)

| | |
|---|---|
| **نیک عمل نمبر2:** | کیا آج آپ نے پانچوں نمازیں ادا فرمائیں؟(کاش! اپنے گھر میں نماز کے لیے کوئی جگہ مقرر کرنے کی سعادت مل جائے کہ یہ مستحب ہے زہ نصیب حیض ونفاس کے دنوں کے علاوہ جتنی دیر نمازمیں لگتی تھی اتنی دیر حیض ونفاس کے دنوں میں ذکرو درود یا دینی مطالعہ (بغیر آیت وترجمہ چھوئے) کرنے میں مصروف رہیں؟) |
| **الجھن**:(a) | اگر 5 میں سے صرف 4 نمازیں ادا کیں تو کیا لِلاَکْثَرِحُکْمُ الْکُلْ یعنی (اکثر کُل کا حکم رکھتا ہے) کے تحت عمل مان لیا جائے گا؟ |
| **الجواب**: | مکمل پانچوں نمازیں ادا کرنے پر ہی عمل مانا جائے گا۔ |
| **الجھن**:(b) | اگر نماز مسجدِ بیت میں ادا نہ کی تو کیا عمل مان لیا جائے گا؟ کیونکہ یہ مشورہ بریکٹ میں لکھا ہے سوال میں شامل نہیں۔ |
| **الجواب**: | جی ہاں! عمل مان لیا جائے گا۔ |
| **الجھن** (c) | اگر حیض ونفاس کے ایام میں اصلاحی بیانات یا مدنی مذاکرہ سُن یا دیکھ لیا جائے تو کیا اس نیک عمل پر عمل مان لیا جائے گا۔ |
| **الجواب** | جی ہاں عمل مان لیا جائے گا۔ |

| | |
|---|---|
| **نیک عمل نمبر 3 :** | کیا آج آپ نے نمازِ پنجگانہ کے بعد ایک بار آیۃ الکرسی، سورۂ اخلاص اور تسبیح فاطمہ رضی اللہ عنہا پڑھی ؟ |
| **الجھن :(a)** | اگر صرف 3 یا 4 نمازوں کے بعد آیۃ الکرسی، سورۂ اخلاص اور تسبیح فاطمہ رضی اللہ عنہا پڑھی تو کیا عمل مان لیا جائے گا؟ |
| **الجواب :** | جی ہاں! عمل مان لیا جائے گا۔ |
| **الجھن :(b)** | اگر نمازِ پنجگانہ کے بعد آیۃ الکرسی اور تسبیح فاطمہ رضی اللہ عنہا تو پڑھ لی لیکن سورۂ اخلاص نہیں پڑھی تو کیا عمل مان لیا جائے گا؟ کیا یہ اکثر کے حکم میں آئے گا۔ |
| **الجواب :** | جی ہاں! عمل مان لیا جائے گا۔ |
| **نیک عمل نمبر 4** | کیا آج آپ نے رات میں سورۃ الملک پڑھ یا سن لی؟ |
| **الجھن :(c)** | اگر کوئی نماز تہجد یا وتر میں سورہ ملک کی تلاوت کرے تو کیا سورہ ملک کی فضیلت حاصل ہو جائے گی؟ |
| **الجواب :** | جی ہاں اور نیک عمل پر بھی عمل مانا جائے گا |
| **نیک عمل نمبر 5 :** | کیا آج آپ نے کنزالایمان مع خزائن العرفان یا نور العرفان یا آسان ترجمہ قرآن کنزالعرفان مع افہام القرآن سے کم از کم تین آیات ترجمہ و تفسیر کے ساتھ پڑھیں یا سنیں؟ یا تفسیر صراط الجنان سے کم و بیش دو صفحات پڑھ یا سن لیے ؟ |
| **الجھن :(a)** | اگر صرف ترجمہ پڑھا جائے اس کی تفسیر نہ پڑھیں تو کیا عمل مان لیا جائے گا؟ |
| **الجواب :** | تفسیر پڑھنے پر ہی عمل مانا جائے گا۔ |
| **الجھن :(b)** | تین آیات ترجمہ و تفسیر پڑھنے کے علاوہ اگر تفسیر صراط الجنان کا 12 منٹ مطالعہ کر لیا جائے تو کیا یہ 12 منٹ مطالعے والے نیک عمل پر عمل مان لیا جائے گا؟ |
| **الجواب :** | عمل مانا جائے گا۔ |
| **الجھن :(c)** | "مَدَنی چینل یا ٹیلی گرام "پر کنزالایمان سے پیش کی جانے والی 3 آیات کی تلاوت (مع ترجمہ و تفسیر) سننے سے کیا اس نیک عمل پر عمل مان لیا جائے گا؟ |
| **الجواب :** | عمل مان لیا جائے گا۔ |
| **الجھن :(d)** | کیا "صراط الجنان" سے 3 آیات (مع ترجمہ و تفسیر) تلاوت کرنے سے اس نیک عمل پر عمل مان لیا جائے گا؟ |
| **الجواب :** | جی ہاں (8، 9 اور 10 شوال المکرم 143 مدنی مذاکرہ) |

| | |
|---|---|
| **نیک عمل نمبر 11** | کیا آج آپ نے اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ یا مکتبۃ المدینہ کی کسی کتاب یا رسالے یا "ماہنامہ فیضان مدینہ "کو کم از کم 12 منٹ پڑھا یا سنا؟ |
| **الجھن** | مکتبۃ المدینہ کے کتب ورسائل یا "ماہنامہ فیضان مدینہ "12 منٹ پڑھنے / سننے سے متعلق نیک عمل ہے تو کیا موجودہ مہینے کا پڑھنے سے ہی عمل مانا جائے گا یا سابقہ تمام ماہنامہ فیضان مدینہ میں سے کسی بھی ماہ کا پڑھنے سے عمل مان لیا جائے گا؟ |
| **الجواب** | بہتر ہے کہ اسی ماہ کا ماہنامہ فیضان مدینہ کا مطالعہ کیا جائے بصورت دیگر سابقہ کسی بھی ماہ کے ماہنامہ فیضان مدینہ پڑھنے سے عمل مان لیا جائے گا۔ |

| | |
|---|---|
| **نیک عمل نمبر 12:** | کیا آج آپ نے بات چیت، فون پر گفتگو اور کام کاج روک کر اذان کا جواب دیا؟ (اگر پہلے سے کھا پی رہی ہوں اور اذان شروع ہو جائے تو کھانا پینا جاری رکھا تو حرج نہیں اسی طرح نماز کی تیاری کے سلسلے میں چلنے اور وضو کرنے وغیرہ میں بھی کوئی حرج نہیں) |
| **الجھن :** | اگر 5 میں سے 4 / 3 وقت کی اذان کا جواب دیا تو اکثر پر عمل کے تحت کیا عمل مان لیا جائے گا؟ |
| **الجواب :** | صدرالشریعہ ،بدرُ الطریقہ حضرتِ علّامہ مولٰینا مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فتاوٰی رضویہ شریف کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: جو اذان کے وقت باتوں میں مشغول رہے اُس پر مَعاذَ اللہ خاتمہ بُرا ہونے کا خوف ہے۔(بہارِ شریعت حصہ ۳ ص ۳۱ مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی) لہٰذا جتنی اذان سنی اس کا جواب دیں۔ |
| **نیک عمل نمبر 14:** | کیا آج آپ نے اپنے اعمال کا جائزہ لیتے ہوئے نیک اعمال کے رسالے کے خانے پُر کیے؟ |
| **الجھن :(a)** | اگر کوئی "ان پڑھ ہونے کے باعث لکھ کر بات کرنے سے محرومی ہے تو بھی تنظیمی طور پر عمل مان لیا جائے گا"۔ تو کیا اگر کوئی ان پڑھ ہونے کے باعث جائزہ نہ کر سکے اور نہ کوئی اور کروا سکے تو اس "جائزہ" کے نیک اعمال پر عمل مان لیا جائے گا؟ |
| **الجواب :** | "جائزہ" کے لیے کوئی نہ کوئی ترکیب بنانا ضروری ہے۔ کم از کم خود اپنے اعمال کے احتساب پر غور وفکر ہی کر لیں۔ |
| **نیک عمل نمبر 17:** | کیا آج آپ نے مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں قرآن کریم "پڑھا" یا پڑھایا"؟ |
| **الجھن :(a)** | اگر کوئی اسلامی بہن مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں نہ جاتی ہوں اپنے گھر میں ہی تجوید کے ساتھ قرآن پڑھ رہی ہوں تو کیا ان کا اس نیک عمل پر عمل مانا جائے گا؟ |

| | |
|---|---|
| **الجواب**: | جی۔ |
| **الجھن**:(b) | اس نیک عمل میں مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں پڑھنے یا پڑھانے کا ذکر ہے اگر کوئی اسلامی بہن مدرسۃ المدینہ (گرلز) وجامعۃ المدینہ (گرلز) میں پڑھتی یا پڑھاتی ہوں تو اس نیک عمل پر عمل مانا جائے گا؟ |
| **الجواب** | جی |
| **نیک عمل نمبر 18** | کیا آج آپ نے دعوت اسلامی کے دینی کاموں کو اپنی نگران کے دیئے ہوئے شیڈول کے مطابق کم از کم دو گھنٹے دیئے؟ |
| **الجھن** | نیک عمل نمبر 18 میں ہے کہ نگران کے دیئے ہوئے شیڈول کے مطابق کم از کم 2 گھنٹے دیئے؟ تو کیا اجیر اسلامی بہن کا اسپر عمل مانا جائے گا؟ |
| **الجواب** | ادارتی شعبہ جات سے وابستہ اجیرات کا اس نیک عمل پر عمل نہیں مانا جائے گا البتہ وقف مبلغہ اجیر کو 8 دینی کام کرنے ہوتے ہیں ایسی صورت میں عمل مان لیا جائے گا۔ |
| **نیک عمل نمبر 20** | کیا آج آپ کے ہاں گھر درس ہوا؟ یا کسی عذر کی صورت میں آپ کی غیر موجودگی میں گھر درس کا سلسلہ ہوا؟ |
| **الجھن** | اس نیک عمل میں ہے کہ آپ کی غیر موجودگی میں گھر درس ہوا؟ تو کیا اس سے یہی مراد ہے کہ گھر درس ہو؟ اگرچہ خود اس دن درس نہ سنا ہو؟ |
| **الجواب** | جی گھر درس ہونا ضروری ہے۔ |
| **نیک عمل نمبر 27** | کیا آج آپ نے سنت کے مطابق کھانا کھایا اور کھانے سے پہلے اور بعد کی دعائیں پڑھیں؟ |
| **الجھن** | کیا یہ نیک عمل 2 آپشن پر مشتمل ہے؟ سنت کے مطابق کھانا کھایا، کھانے سے پہلے اور بعد کی دعا پڑھیں؟ |
| **الجواب** | موجودہ نیک اعمال میں اب آپشن نہ رہے یہ مکمل ایک ہے، سنت کے مطابق کھانا کھانے سے پہلے اور بعد کی دعا شامل ہے۔ |
| **نیک عمل نمبر 30:** | کیا آج آپ نے تہجد، کی نماز پڑھی؟ یا رات میں سونے کی صورت میں صلوۃ اللیل ادا کی؟ |
| **الجھن** | صلوٰۃ اللیل کا وقت کب سے شروع ہوتا ہے؟ کیا نماز مغرب کے ادائیگی کے بعد جو نوافل پڑھیں جائیں وہ صلوٰۃ اللیل پڑھنا کہلائے گا؟ یا پھر نماز عشاء پڑھنے کے بعد ہی صلوۃ اللیل پڑھنی ہو گی؟؟ |
| **الجواب** | بہارِ شریعت پہلی جلد صفحہ نمبر 677 پر ہے:<br>صلٰوۃ اللیل: رات میں بعد نمازِ عشاء جو نوافل پڑھے جائیں ان کو صلٰوۃ اللیل کہتے ہیں اور رات کے نوافل دن کے نوافل سے افضل ہیں۔<br>صحیح مسلم شریف میں مرفوعاً ہے: "فرضوں کے بعد افضل نماز رات کی نماز ہے۔"<br>(حوالہ 6 مئی 2023 کا مدنی مذاکرہ) |
| **نیک عمل نمبر 31** | کیا آج آپ نے اوبین یا اشراق وچاشت کے نوافل پڑھے؟ |
| **نیک عمل نمبر 32:** | کیا آج آپ نے عصر اور عشا کی سنت قبلیہ پڑھیں؟ (زہے نصیب عصر اور عشا دونوں کی سنت قبلیہ اور ظہر و مغرب وعشا کے نوافل بھی ادا کئے جائیں) |
| **الجھن**:(a) | مذکورہ تینوں نیک اعمال میں موجود سنتوں اور نوافل کی جگہ اگر قضاء نماز ادا کی جائے تو عمل مانا جائے گا؟ |
| **الجواب**: | جن کے ذمے قضاء نمازیں ہوں انہیں سنت غیر مؤکدہ اور نوافل کی جگہ قضاء ادا کرنا افضل ہے اور ان نیک اعمال پر عمل بھی مان لیا جائے گا۔ |
| **الجھن**:(b) | اگر مغرب کے فرض کے بعد بات چیت کرلی جائے تو اوابین کے نوافل ادا نہیں کرسکتے؟ |
| **الجواب**: | بہتر یہ ہے کہ فرضوں اور سنتوں کے درمیان کوئی گفتگو نہ ہو۔ البتہ اگر کرلی تو بھی اوابین ادا کی جاسکتی ہے۔ |
| **الجھن**:(e) | غیر تعلیم یافتہ ("بے پڑھی" اسلامی بہنیں) یومیہ "جائزہ" والے نیک عمل پر عمل کس طرح کریں؟ نیز مہینے کے آخر میں اگر کوئی گھر کا فرد یا ذمہ دار اسلامی بہن ان سے پوچھ پوچھ کر خانوں پر نشانات لگائیں تو اس میں یہ اندیشہ ہے کہ اگر ان کا کسی فرض پر عمل نہ ہوا تو یہ گناہ کا اظہار ہو جائے گا اور اگر مروت کی بناء پر ہاں کہہ دیا تو یہ جھوٹ ہو جائے گا حل ارشاد فرمادیجیے؟ |
| **الجواب**: | واقعی اس میں بہت آزمائش ہے پہلے ہم پورا رسالہ جمع کرتے تھے مگر اس تشویش کے سبب اب ہم رسالے کا آخری کارڈ جمع کرتے ہیں ایسی اسلامی بہنوں کو اردو سیکھنے کی ترغیب دلائی جائے۔ امیر اہلسنت تو بیرونِ ملک والوں کو اردو سیکھنے کی ترغیب |

دلا رہے ہیں تاکہ مطالعہ وغیرہ میں بھی آسانی ہو۔ ایک اور حل یہ سمجھ آتا ہے کہ ان پڑھ اور پڑھی لکھی اسلامی بہن آمنے سامنے اتنے فاصلے پر بیٹھے کہ رسالے پر نظر نہ پڑے پڑھی ہوئی اسلامی بہن سوال پڑھے اور ان پڑھ اسلامی بہن نشان لگائے۔ نشان لگانے کا طریقہ سمجھا دیا جائے تربیت سے ترکیب بن جائے گی اور بالآخر ایسی تربیت کی جائے کہ وہ خود نیک اعمال کے رسالے پر نشان لگانے والی بن جائیں۔

| | |
|---|---|
| **الجھن**:(f) | اگر بعدِ فجر پچھلے دن کا "جائزہ" کیا تو کیا عمل مان لیا جائے گا؟ |
| **الجواب**: | جائزہ کا وقت دن 12:00 بجے سے رات 11:59 تک ہے اس دوران جب بھی جائزہ لیں، عمل مان لیا جائیگا بہتر ہے کہ رات سونے سے پہلے جائزہ لے لیا جائے۔ |
| **نیک عمل نمبر** 36 | کیا آج آپ نے کچھ نہ کچھ وقت کے لیے "مدنی چینل" دیکھا؟ |
| **الجھن** | کچھ نہ کچھ مدنی چینل دیکھا؟ کیا اسکی کچھ لمٹ ہے؟ |
| **الجواب** | کم از کم 5 سے 12 منٹ مدنی چینل دیکھنے سے عمل مان لیا جائے گا۔ |
| **نیک عمل نمبر**48 | کیا آپ نے اس ہفتے (اگر آپ کی بات مانی جاتی ہو یا آپ بااختیار ہوں) کسی نہ کسی محرم مرد (مثلاً بھائی/ بیٹا/ والد وغیرہ) یا شوہر کو اسلامی بھائیوں کے اجتماع میں بھیجنے کی کوشش کی؟ |
| **الجھن** | جن کے محارم / بچوں کے ابو پہلے سے ہفتہ وار اجتماع میں جاتے ہوں تو کیا عمل مان لیا جائے گا۔ |
| **الجواب** | جی عمل مان لیا جائے گا۔ |

| | |
|---|---|
| نیک عمل نمبر52: | کیا پچھلے مہینے کا نیک اعمال کا رسالہ فل یعنی پر کر کے اپنی نگران یا ذمہ دار کو جمع کروایا، یا موبائل فون کی naik Aamaal نامی application کے ذریعہ submit کیا۔ |
| **الجھن**:(a) | اگر اسلامی بہن نیک اعمال ذمہ دار کو اپنے نیک اعمال کے رسالے کے گتے پر موجود کارکردگی بائی ہینڈ پہنچا نہ سکیں مگر اس کی تصویر کھینچ کر whatsapp کر دیں تو کیا یوں نیک اعمال کا رسالہ جمع کروانا کہلائے گا؟ (یورپین ممالک میں بالخصوص مسلم فیملی دور دور ہونے کی بناء پر رسالہ پہنچانے میں آزمائش ہے) |

| | |
|---|---|
| **الجواب**: | عمل مان لیا جائے گا۔ |

## نفلی روزوں سے متعلق

| | |
|---|---|
| **الجھن**: | مدنی التجاء ہے کہ نفلی روزوں سے متعلق شرعی و تنظیمی اعتبار سے جو رعایتیں (آسانیاں) ہیں اُسے وضاحت کے ساتھ ارشاد فرمادیجیے۔ مثلاً نفلی روزہ رکھنے سے والدین/ بچوں کے ابو منع کریں تو کیا عمل مانا جائے گا؟ یوں ہی دینی کاموں میں مصروفیت مدنی مشورہ وغیرہ ہونے کی صورت میں روزہ نہ رکھنے کی صورت میں عمل مانا جائے گا؟ |
| **الجواب**: | شرعی، تنظیمی اور دیگر اعذار کے سبب روزہ نہ رکھنے پر عمل نہیں مانا جائے گا۔ مزید تفصیلی معلومات کے لیے مکتبۃ المدینہ کا جاری کردہ "نفلی روزوں کی دینی تحریک کے متعلق (پمفلٹ)" کا مطالعہ انتہائی مفید ہے۔ |
| **الجھن** | اگر کوئی اسلامی بہن اپنا فرض قضاء روزہ پیر شریف کے دن رکھے تو کیا وہ فرض قضا روزے کی ادائیگی کے ساتھ سنت کی نیت سے روزہ رکھ سکتی ہے؟ کیا اسے پیر شریف کے روزے کا بھی ثواب ملے گا؟ |
| **الجواب** | فرض اور قضاء روزے کی نیت سے ہی روزے رکھے وہی ادا ہو گا۔<br>مدنی پھول<br>جن اسلامی بہنوں کے ذمے فرض روزے ہوں وہ اسکی قضا (یعنی وہ فرض روزے رکھ کر) نفل روزے کی تحریک میں شامل ہو سکتی ہیں، یاد رہے فرض روزے میں نفل روزے کی نیت نہیں کی جا سکتی۔ |

## نیک اعمال سے متعلق شرعی وتنظیمی احتیاطوں پر مشتمل سوالات وجوابات

### شرعی احتیاطیں :

سوال: نگران و ذمہ داران کے ترغیب دلانے پر نیک اعمال پر عمل کا بظاہر اقرار تو کر لیا مگر دل میں نیت نہ تھی تو ایسا کرنا کیسا؟

جواب: یہ جھوٹ اور وعدہ خلافی ہے۔

سوال: نیک اعمال کی عاملہ بنانے کے لیے کسی پر اس قدر اصرار کرنا کہ وہ جان چھڑانے کے لیے جھوٹا اقرار (false confessioin) کرلے تو ایسا کرنا کیسا؟

جواب: کسی کو نیک اعمال کی عاملہ بنانا اگرچہ اچھا کام ہے، مگر اس حد تک اصرار کرنا درست نہیں کہ کوئی جان چھڑانے کے لیے جھوٹا اقرار کرنے پر مجبور ہو جائے۔

سوال: کیا ملازم و مزدور اور طالب علم نفل روزہ رکھ سکتے ہیں؟

جواب: ملازم یا مزدور اگر نفل روزہ رکھیں اور کام پورا نہیں کر سکتے تو "مستاجر "(یعنی جس نے ملازمت یا مزدوری پر رکھا ہے اس) کی اجازت ضروری ہے اور اگر کام پورا کر سکتے ہیں تو اجازت کی ضرورت نہیں ۔(اگر وقف کے ادارے میں ملازم ہیں تو نفل روزہ رکھنے کی صورت میں کام پورا نہیں کر سکتے تو کسی کی اجازت کار آمد نہیں ملازمت کرنے والا بارہا سمجھتے ہیں کہ روزے کی وجہ سے ان کے کام میں حرج واقع نہیں ہو رہا حالانکہ بسا اوقات زیادہ رکاوٹ پڑ رہی ہوتی ہے۔ خصوصا عوامی مقامات پر کام کرنے والے ہوٹلوں پر کھانا پکانے والے، میز پر کھانا پہنچانے والے یا مزدور وغیرہا تو ان کا اپنے ذہن میں ایک آدھ مرتبہ سمجھ لینا کافی نہیں کہ کام میں کوئی حرج نہیں ہو رہا بلکہ نہایت غور کر لینا ضروری ہے کہ کہیں نفل روزے کے شوق میں اجارے کے کام میں سستی کر کے حرام کمائی کمانے کے مرتکب نہ ہوں، خصوصا دینی مدارس کے اساتذہ کو اس مسئلے کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ انہیں تو کوئی نفل روزوں میں رخصت کی اجازت بھی نہیں دے سکتا) طالب علم دین اگر اپنی تعلیم میں معمولی سا بھی حرج دیکھے تو ہر گز نفل روزہ نہ رکھے بلکہ ہفتہ وار چھٹی کے دن روزہ رکھ سکتا ہے۔ جہاں بھی نفل روزے کے سبب کسی افضل کام میں حرج واقع ہوتا ہو وہاں روزہ نہ رکھے۔ ماں باپ اگر بیٹی کو نفل روزے سے اس لئے منع کریں کہ بیماری کا اندیشہ ہے تو والدین کی اطاعت کرے۔ شوہر کی اجازت کے بغیر بیوی نفل روزہ نہیں رکھ سکتی۔

سوال: کوئی نیک اعمال پر عمل سے متعلق پوچھے تو اس کا جواباً جھوٹی مبالغہ آرائی کرنا کیسا؟ (یعنی کہے کہ میرا 63 پر عمل ہے جبکہ حقیقت کچھ اور ہو)

جواب: جھوٹی مبالغہ آرائی (exaggeration) حرام ہے یاد رکھئے! شیخ طریقت امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ مبالغہ آرائی سے خود بھی بہت زیادہ بچتے ہیں اور تمام عاشقان رسول کو بھی جھوٹی مبالغہ آرائی سے بچنے کا ذہن دیتے رہتے ہیں۔

سوال: محض نگران و ذمہ دار کی رضا و خوشنودی کے لیے جائزہ یعنی نیک اعمال کا رسالہ پر کرنا اور وقت پر جمع (submit) کروانا کیسا؟

جواب: گناہ ہے۔ نیک اعمال پر عمل رضائے الٰہی پانے اور ثواب کمانے کے لئے ہونا چاہیئے۔

سوال: نیک عمل نمبر 41 کے مطابق کسی مسلمان کے عیوب سے آگاہ ہو جانے پر اس کی پردہ پوشی کرنے اور اس کا عیب ظاہر کرنے کا حکم ہے لیکن اگر وہ عیب یا برائی کسی ایسے ذمہ دار یا نگران میں پائی جائے جو تنظیم کے لئے نقصان دہ ہو تو اب کیا کرے؟

جواب: غلطی کرنے والے کی براہ راست اصلاح کیجئے اور مسائل کا تنظیمی پالیسی سے حل نکالیئے، جب تک شرعاً واجب نہ ہو جائے اس وقت تک کسی کی غلطی دوسرے کے آگے بیان کر کے بدگمانیوں، غیبتوں، چغلیوں اور ایک دوسرے کے عیوب اچھالنے کا بازار گرم کر کے اپنی آخرت اور دعوت اسلامی کے دینی ماحول کے نقصان کا سبب نہ بنئے۔

سوال: نیک اعمال کا جائزہ لے رہی تھی کہ والدین میں سے کسی ایک نے آواز دی تو کیا جائزہ جاری رکھے یا پہلے ماں باپ کی بات سنے؟

جواب: جائزے کے وقت ماں باپ میں کسی نے آواز دی تو فوراً پکار کر لبّیک کہے کہ ماں باپ جب آواز دیں تو بلا عذر جواب میں تاخیر کرنا جائز نہیں۔ بعض لوگ اس میں سخت لاپرواہی سے کام لیتے ہیں اور جواب میں تاخیر کو معاذاللہ برا بھی نہیں سمجھتے حالانکہ اگر نفل پڑھ رہے ہیں اور ماں باپ کو اس کا علم نہیں تو معمولی طور پر بھی اگر وہ پکاریں تو نماز توڑ کر جواب دینا ہو گا اور بعد میں اس نفل نماز کو دوبارہ پڑھنا ہو گا کہ نفل نماز

شروع کر کے جان بوجھ کر توڑ دیں تو اسے دوبارہ پڑھنا واجب ہے۔ لہٰذا والدین کی بات سننے کے بعد دوبارہ جائزہ لے لیں۔

سوال: نیک اعمال کا رسالہ پر کرنے کے لیے کسی سے قلم مانگ کر استعمال کرنا کیسا؟

جواب: جتنا ہو سکے بچا جائے کہ کسی سے کچھ سوال کرنا (یعنی مانگنا) اچھا نہیں۔

سوال: جن کے ذمے قضا نمازیں ہوں، وہ نوافل ادا کرنے والے نیک عمل پر کیسے عمل کریں؟

جواب: تہجد، اشراق و چاشت اور اوابین مستقل نمازیں ہیں، یہ بھی پڑھیں اور قضا نمازیں بھی پڑھیں، ایسی نمازیں جن کی فضیلت احادیث مبارکہ میں ہے، ان کو قضا نمازوں کے باوجود پڑھ سکتے ہیں۔ یاد رہے! نیک اعمال میں دیئے گئے نوافل کے وقت میں اگر کوئی قضا نماز پڑھتا ہے تب بھی اس کا نیک عمل پر عمل مان لیا جائے گا۔

## تنظیمی احتیاطیں :

سوال: اجارے کے وقت (working hours) میں (وہ نیک اعمال جن کا تعلق فرائض و واجبات و سنت موکدہ اور مہلکات سے ہے کے علاوہ) بعض نیک اعمال پر عمل کرنا ممکن نہیں ہوتا، تو کیا تنظیمی طور پر ان نیک اعمال پر عمل مان لیا جائے گا؟

جواب: ایسے نیک اعمال پر عمل کرنے کے لیے اجارے کے اوقات کے علاوہ اپنی اپنی سہولت کے مطابق وقت طے کر کے عمل کیا جا سکتا ہے کہ جذبہ رہنمائی کرتا ہے۔

سوال: بعض نیک اعمال پر شرعی مجبوری کی وجہ سے عمل نہیں ہو پاتا تو کیا تنظیمی طور پر ان پر عمل شمار کیا جائے گا؟

جواب: جی ہاں! شرعی مجبوری کی بناء پر اس دن کا عمل شمار کر لیا جائے گا (جبکہ پہلے سے اس نیک عمل پر عمل ہو)

سوال: واٹس ایپ یا کسی بھی chat messenger کے ذریعے مسکرانے یا رونے والے انداز پر مشتمل تصاویر بھیجنے سے کیا اشارے والے نیک عمل پر عمل مان لیا جائے گا؟

جواب: جی ہاں! عمل مان لیا جائے گا۔

سوال: اگر ایسا اشارہ کیا جو گناہ پر مبنی ہو یعنی اس میں جھوٹ یا غیبت، چغلی یا دل آزاری وغیرہ ہو تو کیا ایسا اشارہ بھی نیک عمل پر عمل شمار ہو گا؟

جواب: جی نہیں! ایسے اشاروں سے نیک عمل پر عمل شمار نہ ہو گا۔ بلکہ ایسے اشارے کرنے والا گناہ گار ہے، جھوٹ اور غیبت جس طرح زبان سے بول کر ہوتے ہیں اسی طرح اشاروں سے بھی ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا ایسے اشارے کرنے والے کو توبہ کے ساتھ ساتھ معافی و تلافی کی بھی صورت بنانا ہو گی۔

سوال: فون پر بذریعہ واٹس ایپ یا اسکائپ ویڈیو لنک کے ذریعے بات کرتے ہوئے یا مدنی مشورے میں بیان کے وقت مخاطب کے چہرے پر نظر نہ گاڑیں تو کیا یہ نگاہیں نیچی رکھنے والے نیک عمل پر عمل مان لیا جائے گا؟

جواب: جی ہاں! مانا جائے گا۔

سوال: اگر کسی دن کسی نیک عمل پر عمل نہ ہوا تو کیا دوسرے دن کر سکتے ہیں؟

جواب: جی! بعض نیک اعمال واقعی ایسے ہیں کہ اگر ایک دن یا چند دن ان پر عمل نہ ہو سکے تو جتنے دن ناغہ ہوا ان کا حساب لگا کر عمل کر لینے سے عمل مان لیا جائے گا۔ مثلاً 313 بار درود پاک پڑھنے یا کم از کم 3 آیات کی تلاوت (مع ترجمہ و تفسیر) سے محرومی رہی تو یہ عمل اگلے دن بھی کر سکتے ہیں۔ البتہ گھر درس، اور روزانہ جائزہ اگلے دن نہیں کر سکتے۔

سوال 2 دن کا جائزہ ایک ساتھ ہو سکتا ہے؟

جواب: جی نہیں! 2 دن کا جائزہ ایک ساتھ نہیں ہو سکتا۔

سوال: مدنی مرکز کی جانب سے دیئے گئے ایک ذیلی حلقہ پر کم از کم کتنی عاملات نیک اعمال (یعنی نیک اعمال کا رسالہ اکثر دن پُر کر کے جمع کروانے والی) کا ہدف ہے؟

جواب: ذیلی حلقہ پر کم از کم 12 عاملات نیک اعمال کا ہدف ہے۔

سوال: کیا بذریعہ موبائل ایس ایم ایس یا واٹس ایپ لکھ کر گفتگو کرنے والے کا نیک عمل پر عمل شمار ہو جائے گا؟

جواب: ضرورت کی بات ایس ایم ایس یا واٹس ایپ کے ذریعے لکھنے کی صورت میں عمل مان لیا جائے گا۔

سوال: جو اسلامی بہن اسپیشل پرسنز (یعنی گونگی، بہری) کو اشاروں میں نیکی کی دعوت دیتے ہیں، کیا ان کا اشارے سے کی گئی گفتگو کرنے والے نیک عمل پر عمل مانا جائے گا؟

جواب: ضرورت کے اشارے وہ بھی موقع کی مناسبت سے کریں تو عمل مان لیا جائے گا۔

سوال: امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ نے کتنے نیک اعمال پر عمل ہونے کی صورت میں چل مدینہ (یعنی اپنے ساتھ حج کرنے) کا فرمایا ہوا ہے؟

جواب: کم از کم 63 میں سے 57 نیک اعمال اور 12 ماہ تک عمل کرنے والیوں، ساتھ ہی ساتھ ذوق و شوق اور سفر کا خرچ وغیرہ بھی ہو، البتہ چل مدینہ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی مرضی پر ہے۔

سوال: اجتماعی جائزے میں پورا نیک عمل پڑھا جائے گا یا مختصر؟

جواب اجتماعی جائزہ کروانے کا جو مختصر (short) طریقہ ہے، اسی انداز سے اجتماعی جائزہ کروایا جائے (موقع کی مناسبت سے 2 سے 3 منٹ کے لئے اجتماعی طور پر ترغیب ہو جائے کہ نیک اعمال کیا ہیں؟ ان کا مقصد کیا ہے؟ وغیرہ)

## مفید معلومات

سوال: نیک اعمال کیا ہیں؟

جواب: شیخ طریقت امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ نے اسلامی زندگی گزارنے کے لیے اس پر فتن دور میں نیکیاں کرنے اور گناہوں سے بچنے کے طریقوں پر مشتمل سوالات عطا فرمائے ہیں وہ نیک اعمال ہیں۔

سوال: نیک اعمال کا سلسلہ کیوں شروع ہوا؟

جواب: شیخ طریقت امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ فرماتے ہیں: دینی کام میں ترقی، اخلاقی تربیت و تقوی ملے، اس غرض سے میں نے نیک اعمال کا سلسلہ شروع کیا۔

سوال: نیک اعمال کا سلسلہ کب شروع ہوا؟

جواب: نیک اعمال کا سلسلہ تو پہلے سے ہی چلا آرہا تھا۔ لیکن سوالات کی صورت میں 1992ء میں شروع ہوا، اس دوران 12 نیک اعمال فارم کی صورت میں شائع ہوئے، پھر 1994 میں 30 نیک اعمال فارم کی صورت میں آئے جو کہ 1996ء تک چلے۔ پھر 1996ء میں کارڈ کی صورت میں 50 نیک اعمال آئے اور 1998ء تک چلے، پھر 1998ء میں 72 نیک اعمال رسالے کی صورت میں شائع ہوئے جنہیں اگست 2020 میں آسان تر بناتے ہوئے کچھ ترمیم و اضافے کے ساتھ پیش کیا گیا۔

سوال: تنظیمی طور پر جائزہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: اپنے گناہوں کا احتساب کرنے، قبر و حشر کے بارے میں غور و فکر کرنے اور اپنے اچھے برے کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے نیک اعمال کا رسالہ پُر کرنے کوعوت اسلامی کے دینی ماحول میں جائزہ لینا کہتے ہیں۔

سوال: جائزہ کا طریقۂ کار کیا ہے؟

جواب: نیک اعمال کے رسالے میں ہر نیک عمل کے نیچے 30 دنوں کے خانے دیئے گئے ہیں۔ روزانہ وقت مقررہ پر جائزے کے دوران خانے پُر کیجئے، جن جن نیک اعمال پر عمل ہوا، نیک عمل (سوال) کے نیچے دیئے گئے خانے میں (✓) نشان لگائیے جن جن نیک اعمال پر عمل نہیں ہوا، ان نیک اعمال (سوالات) پر (◯) کا نشان لگا دیجئے، ان شآءاللہ الکریم بتدریج عمل میں اضافہ کے ساتھ ساتھ دل میں گناہوں سے نفرت پائیں گئے۔

سوال: یوم قفلِ مدینہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں ہر انگریزی ماہ کی پہلی پیر شریف کو (یعنی اتوار مغرب تا پیر مغرب) یوم قفل مدینہ منانے کا اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کے لئے ترغیب ہے، اس میں مکتبۃ المدینہ کا رسالہ خاموش شہزادہ ایک بار پڑھنا سننا ہوتا ہے۔

سوال: اکثر ایام جائزہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: اکثر ایام جائزہ سے مراد انگریزی ماہ کے نصف سے زائد دن مراد ہیں۔ کیونکہ اکثر سے مُراد آدھے سے زیادہ یعنی 100 میں سے 51 یا اس سے زیادہ تعداد کو کہتے ہیں۔

۔سوال: نیک اعمال کا رسالہ پُر کرنے یعنی جائزہ پر استقامت پانے کے لئے کیا کیا جائے؟

جواب: نیک اعمال کا رسالہ پر کرنے یعنی جائزہ پر استقامت پانے کے لئے ان نکات کو پیش نظر رکھنا مفید ہے:

☆ پابندی سے (اپنی اپنی سہولت کے مطابق) جائزے کا وقت مخصوص کرنا

☆ کس وقت کس نیک عمل پر عمل ہو اپنی اپنی سہولت کے مطابق اس کا شیڈول بنانا

☆ بزرگانِ دین کے نیک اعمال پر استقامت پانے والے واقعات کا مطالعہ کرنا نیک اعمال کی بجا آوری پر حاصل ہونے والے فیوض و برکات اور نیک اعمال سے محرومی پر ہونے والے نقصانات کو پیش نظر رکھنا توبہ واستغفار کرتے رہنا دعا کرنا اور کروانا۔

سوال: عطار کی مدنی بیٹی کون ہے؟

جواب: امیر اہل سنت دامت برکاتہم العالیہ کی مدنی بیٹی وہ ہے جو یہ چار کام پابندی سے کرے:

(1) روزانہ کم از کم 12 بار لکھ کر گفتگو۔

(2) روزانہ کم از کم 12 بار اشارے سے گفتگو۔

(3) روزانہ کم از کم 12 بار سامنے والے کے چہرے پر نظریں گاڑے بغیر گفتگو۔

(4) ہر ماہ کم از کم 63 میں سے 52 نیک اعمال پر عمل۔

سوال: جائزہ نہ لینے میں سستی کی وجوہات کیا کیا ہو سکتی ہیں؟

جواب: روزمرہ زندگی کے معمولات میں اپنے اعمال کے جائزہ کا وقت نہ رکھنا بے سوچے سمجھے جائزہ کا وقت مقرر کرنا طے شدہ وقت پر نیک اعمال کے رسالے کا ہونا مگر قلم کا نہ ہونا یا قلم ہونا مگر رسالے کا نہ ہونا یا دونوں کا نہ ہونا، نفس و شیطان کی رکاوٹیں، بے جا سستی و دیگر مصروفیات کی بنا پر طے شدہ وقت پر جائزہ نہ لینا۔

سوال: اصلاح اعمال کا شعبہ بنانے کا مقصد کیا ہے؟

جواب: ذمہ داران کو تصوف اور تقویٰ کا ذہن دینا، نیک و باعمل بنانا اور عمل کا جذبہ پیدا کرنا وغیرہ گویا اصلاح اعمال کا شعبہ بنانے کا بنیادی مقصد ہے۔

سوال: نیک اعمال کی بنیاد کس چیز پر ہے؟

جواب نیک اعمال کی بنیاد علم و عمل پر ہے

سوال: کن کن جگہوں پر اشارے سے گفتگو کی جاسکتی ہے؟

جواب: گفتگو کے اشارے سیکھ لیجئے اور ضرور تا اس طرح کی تقسیم کر لیجئے مثلاً والدین سے نیز فون پر زبان سے بات کروں گی، جو چھوٹی بہن دینی ماحول میں ہے اس سے اور فلاں فلاں اسلامی بہن سے حتی الامکان اشارے سے اور لکھ کر کام چلاؤں گی۔

سوال: نیک اعمال کی دھوم دھام کیسے ہو؟

جواب: فرمان امیر اہل سنت دامت برکاتھم العالیہ: جب بڑے ذمہ داران سراپا نیک اعمال بن جائیں گے، روزانہ جائزہ لے کر ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو متعلقہ ذمہ دار کو نیک اعمال کا رسالہ جمع کروائیں گے، بات بات پر نیک اعمال کا ذکر کریں گے کہ فلاں نیک عمل میں یوں ہے، فلاں میں یوں ہے تو ہر طرف نیک اعمال کی دھوم دھام ہو جائے گی۔ ان شاءاللہ الکریم

سوال: نیک اعمال کی ترغیب دلانے کا کوئی مختصر طریقہ ارشاد فرما دیجئے؟

شیخ طریقت، امیر اہل سنت دامت برکاتھم العالیہ نے اسلامی زندگی گزارنے کے لئے اس پر فتن دور میں نیکیاں کرنے اور گناہوں سے بچنے کے طریقوں پر مشتمل شریعت و طریقت کا جامع مجموعہ 63 نیک اعمال بصورت سوالات عطا فرمائے ہیں، جن پر عمل کرنے سے خوف خُدا اور عشق مصطفے حاصل ہوتا ہے، آیئے! ہم بھی نیک اعمال پر عمل کرتے ہوئے روزانہ جائزہ لینے (یعنی رسالہ پر کرنے کی نیت کرتے ہیں)۔

سوال: اپنے گھر کے بچوں کو جائزہ کا عادی کیسے بنایا جائے؟

جواب: بچوں کو گھر درس کے بعد یا سونے سے قبل یا جیسے سہولت ہو، اس کے مطابق جائزہ کا عادی بنایا جا سکتا ہے۔

سوال: کیا نیک اعمال کی ایپلی کیشن کے ذریعے جائزہ لینا مانا جائے گا؟

جواب: جی ہاں! مانا جائے گا۔

صلُّوا علی الحبیب صلی اللہ علی محمد

نیک اعمال کی ہو ریل پیل

نیک ہو امت اے نانائے حسین

میں بن جاؤں سراپا "نیک اعمال کی تصویر

بنوں گی نیک یا اللہ اگر رحمت تیری ہو گی

(کتاب:۔12 دینی کام)

صلُّوا علی الحبیب صلی اللہ علی محمد

**اپڈیٹ: 19جولائی 2023 (30ذوالحجۃالحرام 1444)**